This question paper contains 5 printed pages

Your Roll No....................

305

B.A. (Programme) / II Sem. **B**

(Language Course)

URDU LANGUAGE (A) - Paper - I B

(For Candidates Who Studied Urdu upto 12th Level)

(Admissions of 2011 and onwards)

Time: 3 Hours *Maximum Marks: 75*

(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper)

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔ 10

(الف)

یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ اس اخبار نے میرے ان خطوط کے بل پر اپنا ایک کانگریس نمبر بھی نکال مارا، جو اتنی بڑی تعداد میں چھپا کہ اس کے اوراق ابتک بعض پنساریوں کی دکانوں پر نظر آتے ہیں۔ بہرحال مرید پور کے بچے بچے نے میری قابلیت انشا پردازی، صحیح الدماغی اور جوشِ قومی کی داد دی۔ میری اجازت اور میرے علم کے بغیر مجھے مرید پور کا قومی لیڈر قرار دیا گیا۔ ایک دو شاعروں نے مجھ پر نظمیں لکھیں جو وقتاً فوقتاً مرید پور گزٹ میں چھپتی رہیں۔

P.T.O.

(ب)

جملے میں جو لفظ لائے جائیں تو سب سے پہلے یہ دیکھنا چاہیے کہ وہ مطلب کو اچھی طرح ادا کرر ہے ہیں؟ ایسا تو نہیں کہ ایک یا دو لفظ بدل دیئے جائیں تو پہلے کے مقابلے میں مفہوم بہتر طور پر ادا ہو سکے گا۔ گویا اچھا جملہ لکھنے کے لئے مناسب لفظوں کا انتخاب پہلی ضروری بات ہے۔ دوسری ضروری بات یہ ہے کہ مناسب لفظوں کو منتخب کیا جائے، جملے میں ان کی ترتیب بھی مناسب طور پر ہونا چاہیے۔

۲۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے: 10

(الف)

کہتے ہو نہ دیں گے ہم دل اگر پڑا پایا
دل کہاں کہ گم کیجئے ہم نے مدعا پایا

عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا
درد کی دوا پائی، درد بے دوا پایا

دوست دار دشمن ہے، اعتماد دل معلوم
آہ بے اثر دیکھی، نالہ نارسا پایا

غنچہ پھر لگا کھلنے، آج ہم نے اپنا دل
خوں کیا ہوا دیکھا، گم کیا ہوا پایا

(ب)

اگر غفلت سے باز آیا جفا کی
تلافی کی بھی ظالم نے تو کیا کی

موئے آغاز الفت میں ہم افسوس
اسے بھی رہ گئی حسرت جفا کی

مجھے اے دل تری جلدی نے مارا
نہیں تقصیر اس دیر آشنا کی

جفا سے تھک گئے تو بھی نہ پوچھا
کہ تو نے کس توقع پہ وفا کی

۳۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے: 10

(الف)

زانو پہ سر ہے آپ کے یاشاہِ بحرو بر
محبوب کبریا ہیں ادھر، شیرحق اُدھر
یہ کون بی بی ہیں، مرے پہلو میں نوحہ گر
شہ نے کہا کہ لاتی ہیں اماں برہنہ سر

تو حشر تک امام دو عالم کے ساتھ ہے
ہاتھ ترا حسین کے ہاتھ کے ساتھ ہے

(ب)

پہنچتی ہیں ملکوں سے دم دم کی خبریں
چلی آتی ہیں شادی وغم کی خبریں

عیاں ہیں ہر اک براعظم کی خبریں
کھلی ہیں زمانے پہ عالم کی خبریں

نہیں واقعہ کوئی پنہاں کہیں کا
ہے آئینہ احوال روئے زمیں کا

۔ پطرس بخاری کی مزاح نگاری کے عنوان سے ایک مضمون تحریر کیجئے۔ 10

یا

افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کے مرکزی کردار کا جائزہ لیجئے۔

۔ مرزا غالب کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔ 10

یا

مومن خاں مومن کی شاعری پر ایک نوٹ لکھئے۔

۔ اکبر الہ آبادی کی شاعری کی اہم خصوصیات پر اظہار خیال کیجئے۔ 10

یا

حالی کی نظمیہ شاعری کی امتیازی خصوصیات پر تبصرہ کیجئے۔

۷۔ ذیل میں سے تین کی تعریف مع امثال کیجئے۔ 15

مجاز مرسل، استعارہ، تشبیہ